شوہر مہر ادا کئے بغیر فوت ہوگیا، تو مہر کی ادائیگی کا طریقہ

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3313

تاریخ اجراء: 13 جمادی الاولٰی 1446ھ / 16 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

شوہر کا انتقال بغیر مہر ادا کیے ہو جائے، تو کیا اُن کا مہر، اُن کے بیٹے ادا کر سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

شوہر نے اگر بیوی کا حق مہر ادا نہیں کیا اور بیوی نے معاف بھی نہیں کیا، پھر شوہر کا انتقال ہو گیا، تو یہ مہر کی رقم شوہر پر قرض ہے اور حکمِ شرعی یہ ہے کہ کسی کے انتقال کے بعد وراثت تقسیم کرنے سے پہلے اس کی تمام جائیداد و چھوڑے ہوئے مال سے اس کے ذمے لازم تمام قرضہ جات (جن میں بیوی کا حق مہر بھی شامل ہے)، ادا کیے جائیں گے۔ لہٰذا پوچھی گئی صورت میں بھی اگر بیوی نے اپنا حق مہر معاف نہ کیا، تو شوہر کے چھوڑے ہوئے مال میں سے مہر (اور اس کے علاوہ دیگر قرضہ ہونے کی صورت میں، وہ قرضہ بھی) ادا کیا جائے گا اور پھر یہ رقم نکالنے کے بعد وراثت تقسیم ہو گی، اور بیوی کو مہر کے علاوہ، وراثت میں سے جتنا اس کا حصہ بنتا ہے، وہ بھی ملے گا۔

نیز میت کے ورثاء پر اپنے پلے سے مہر یا دیگر قرضہ جات ادا کرنا لازم تو نہیں، لیکن اگر وہ ادا کرنا چاہیں، تو بھی کوئی حرج نہیں۔

چنانچہ ترکہ کی تقسیم کی ترتیب کے بارے میں شمس الآئمہ، امام سَرَخْسی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 483ھ / 1090ء) لکھتے ہیں: "فأول ما يبدأ به تجهيزه وتكفينه ودفنه بالمعروف۔۔۔ثم بعد الكفن يقدم الدين على الوصية والميراث" ترجمہ: ترکہ میں سب سے پہلے معروف طریقے کے مطابق تجہیز و تکفین سے ابتداء کی جائے گی۔۔۔ پھر کفن کے بعد قرض کو وصیت اور وراثت پر مقدم کیا جائے گا۔ (مبسوط للسرخسی، جلد 29، صفحہ 136-137، مطبوعہ دار المعرفۃ، بیروت، لبنان)

مہر و قرض کی ادائیگی کے وراثت کی تقسیم پر مقدم ہونے کے بارے میں امامِ اہلِ سُنَّت، امام اَحمد رضا خان رَحمۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1340ھ / 1921ء) لکھتے ہیں: "ادائے دیون تقسیم ترکہ پر مقدم ہے پس جب تک مہر اور دیگر دیون بھی اگر ہوں ادا نہ ہولیں تقسیم نہ کرنا چاہیے۔" (فتاوی رضویہ، جلد26، صفحہ119، رضا فاونڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net